# A

**23734** **120 Minutes**

1۔کس ماہر لسانیات نے اردو کی ابتدا کو دکن سے منسوب کیا تھا؟

(A) میر امن
(B) نصیر الدین ہاشمی
(C) محمود شیرانی
(D) سید سلیمان ندوی

2۔اردو کی ابتداء سے متعلق حافظ محمود شیرانی کے نظریہ کی نشاندہی کیجئے۔

(A) اردو برج بھاشا سے نکلی
(B) اردو سندھ میں پیدا ہوئی
(C) اردو کی ابتدا پنجاب میں ہوئی
(D) اردو کا آغاز دہلی اور اس کے نواح میں ہوا

3۔اردو کی ابتدا سے متعلق سب سے ٹھوس اور قابل قبول نظریہ کس ماہر لسانیات نے پیش کیا تھا؟

(A) محی الدین قادری زور
(B) شمس اللہ قادری
(C) شوکت سبزواری
(D) مسعود حسین خان

4۔ان میں سے کس اہل قلم کا شمار ماہر لسانیات میں نہیں ہوتا؟

(A) محمد حسین آزاد
(B) سید سلیمان ندوی
(C) برہان الدین جانم
(D) محمود شیرانی

5۔خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کس بادشاہ کے دور میں گلبرگہ آئے تھے؟

(A) فیروز شاہ بہمنی
(B) احمد شاہ بہمنی
(C) محمود شاہ بہمنی
(D) نظام شاہ بہمنی

6۔نظامی بیدری کی تصنیف کا نام کیا ہے؟

(A) نوسرہار
(B) خوش نامہ
(C) کدم راو پدم راؤ
(D) گلشن عشق

7۔'شہادت التحقیق' کس صوفی شاعر کی طویل نظم ہے؟

(A) خواجہ بندہ نواز
(B) میراں جی شمس العشاق
(C) برہان الدین غریب
(D) برہان الدین جانم

8۔عادل شاہی سلطنت کا بانی کون تھا؟

(A) اسماعیل عادل شاہ
(B) ابراہیم عادل شاہ
(C) یوسف عادل شاہ
(D) علی عادل شاہ

9۔'جگت گرو' کس حکمراں شاعر کا لقب تھا؟

(A) ابراہیم عادل شاہ ثانی
(B) یوسف عادل شاہ
(C) علی عادل شاہ
(D) محمد عادل تھا

10۔ان میں سے کونسی تصنیف نصرتی کی نہیں ہے؟

(A) علی نامہ
(B) فتح نامہ بہلول خان
(C) چندر بدن ومہیار
(D) گلشن عشق

11۔ 'کلمتہ الحقائق' کس صوفی شاعر کی نثری تصنیف ہے؟

(A) خواجہ بندہ نواز گیسودراز
(B) برہان الدین جانم
(C) میراں جی شمس العشاق
(D) امیر خسرو

12۔ ابراہیم عادل شاہ ثانی کی تصنیف 'کتاب نورس' کا موضوع کیا ہے؟

(A) رزم و بزم پر مشتمل شاعری
(B) تصوف و اخلاق پر مشتمل نظمیں
(C) واقعات عشق پر مشتمل کلام
(D) راگ راگنیوں پر مشتمل گیت

13۔ رستمی کی مثنوی کا نام کیا ہے؟

(A) جنت سنگار
(B) لیلیٰ مجنوں
(C) خاورنامہ
(D) قصہ بے نظیر

14۔ مثنوی 'خاورنامہ' کے مرکزی کردار کی نشاندہی کیجیے۔

(A) حضرت امیر حمزہ
(B) حضرت علی
(C) سلطان عادل شاہ
(D) خواجہ بندہ نواز گیسودراز

15۔ چارمینار اور شہر حیدرآباد کس بادشاہ کی یادگار ہیں؟

(A) ابراہیم عادل شاہ
(B) جمشید قلی قطب شاہ
(C) محمد قلی قطب شاہ
(D) محمد قطب شاہ

16۔سلطان محمد قلی قطب شاہ کے والد کا نام بتایئے۔

(A) ابراہیم قطب شاہ

(B) جمشید قطب شاہ

(C) عبداللہ قطب شاہ

(D) محمد قطب شاہ

17۔ملا وجہی کس بادشاہ کے دربار کا ملک الشعرا تھا؟

(A) علی عادل شاہ ثانی

(B) عبداللہ قطب شاہ

(C) نظام شاہ بہمنی

(D) محمد قلی قطب شاہ

18۔مثنوی پھول بن کس کی تخلیق ہے؟

(A) غواصی

(B) ابن نشاطی

(C) وجہی

(D) نصرتی

19۔غلط جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) میر و غالب۔غزل

(B) سودا و ذوق۔رباعی

(C) انیس و دبیر۔مرثیہ

(D) مولانا آزاد اور حالی۔نظم

20۔ان میں سے کس شاعر کا تعلق دبستان لکھنو سے نہیں ہے؟

(A) دیا شنکر نسیم

(B) مرزا شوق

(C) ناسخ

(D) مومن

21۔'سراپا' کس صنف سخن کا جزو ہے؟

(A) قصیدہ
(B) مثنوی
(C) مرثیہ
(D) غزل

22۔بدر منیر اور شہزادہ بے نظیر کس مثنوی کے کردار ہیں؟

(A) سحرالبیان
(B) گلزار نسیم
(C) گلزار ارم
(D) زہر عشق

23۔تصدق حسین خان کس شاعر کا اصل نام ہے؟

(A) میر انیس
(B) مرزا شوق لکھنوی
(C) میر حسن
(D) مرزا دبیر

24۔دیاشنکر نسیم کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

(A) 1810
(B) 1811
(C) 1812
(D) 1814

25۔مثنوی گلزار نسیم کے ہیرو کا نام بتایئے۔

(A) بے نظیر
(B) کدم راو
(C) تاج الملوک
(D) آزاد بخت

26۔میر انیسؔ ۔۔۔۔۔ کے بیٹے تھے

(A) مرزا غلام حسین

(B) میر ضاحک

(C) میر حسن

(D) میر محمد مستحسن خلیق

27۔مرزا دبیر کی وفات کب اور کہاں ہوئی ؟

(A) 1875 لکھنو

(B) 1877 فیض آباد

(C) 1878 دہلی

(D) 1879 عظیم آباد

28۔ لگا رہا ہوں مضامین نو کے انبار
خبر کرو میرے خرمن کے خوشہ چینوں کو

یہ کس کا شعر ہے؟

(A) میر تقی میر

(B) میر انیس

(C) مولانا حالی

(D) میر درد

29 ۔اردو میں ادبی نثر کی پہلی تصنیف کونسی ہے؟

(A) باغ و بہار

(B) آرائش محفل

(C) سب رس

(D) فسانہ عجائب

30۔'وہ گپ بھی ہانک دے تو وحی معلوم ہوتی ہے'
مولانا محمد حسین آزاد سے متعلق یہ قول کس دانشور نے کہا تھا؟

(A) مولوی عبدالحق

(B) علامہ شبلی

(C) مولانا حالی

(D) نیاز فتح پوری

31۔ 'مرثیہ داغ'، کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(A) حالی (B) اقبال

(C) جگر (D) جوش

32۔ ولی دکنی نے دلی کا سفر کس سنہ میں اختیار کیا تھا؟

(A) 1690 (B) 1698

(C) 1700 (D) 1702

33۔ تاریخ ولادت کے اعتبار سے شعرا کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(A) سودا۔ درد۔ میر۔ ذوق۔ غالب (B) میر۔ سودا۔ درد۔ غالب۔ ذوق

(C) غالب۔ ذوق۔ سودا۔ میر۔ درد (D) درد۔ سودا۔ میر۔ ذوق۔ غالب

34۔ ذیل میں ایک دعویٰ اور ایک دلیل دی گئی ہے اسے غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ: سوداؔ کو اردو قصیدہ نگاری کا امام کہا جاتا ہے۔

دلیل: کیوں کہ انھیں قصیدہ کے علاوہ کسی اور صنف سخن میں دخل نہیں تھا۔

(A) دعویٰ بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح (B) دعویٰ صحیح ہے مگر دلیل غلط

(C) دعویٰ بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط (D) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح

35۔ میر تقی میر نے کل کتنے دیوان یادگار چھوڑے ہیں؟

(A) آٹھ (B) سات

(C) چھے (D) پانچ

36۔ تم میرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا
یہ شعر کس کا ہے؟

(A) مومن
(B) درد
(C) ذوق
(D) غالب

37۔ ’دو گز زمین بھی نہ ملی کوئے یار میں‘
یہ مصرع کس شاعر نے کہا تھا؟

(A) تلوک چند محروم
(B) داغ
(C) ذوق
(D) بہادر شاہ ظفر

38۔ بہادر شاہ ظفر کی وفات کس سنہ میں ہوئی اور وہ کہاں دفن ہوئے؟

(A) 1860 دہلی
(B) 1862 رنگون
(C) 1864 لکھنو
(D) 1866 لال قلعہ

39۔ درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ طاعت کے لئے کچھ کم نہ تھے کروبیاں
یہ شعر کس کا ہے؟

(A) میر تقی میر
(B) غالب
(C) درد
(D) سودا

40۔ان میں سے کونسا شعری مجموعہ جگر مراد آبادی کا نہیں ہے؟

(A) داغ جگر
(B) شعلہ طور
(C) آتش گل
(D) گل تر

41۔شیخ ولی محمد کس شاعر کا اصل نام ہے؟

(A) نظیر اکبر آبادی
(B) ولی اورنگ آبادی
(C) ن۔م راشد
(D) جوش ملیح آبادی

42۔کس شاعر کو شاعر شباب اور شاعر فطرت کے نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

(A) اکبر الہ آبادی
(B) جوش
(C) فیض
(D) ساحر لدھیانوی

43۔'ہائیکو' کس ملک کی مقبول صنف سخن ہے؟

(A) فرانس
(B) ترکی
(C) جاپان
(D) چین

44۔'مخمس' میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) سات
(B) پانچ
(C) آٹھ
(D) چھ

45۔'ماہیا' کس زبان کی قدیم صنف شاعری ہے؟

(A) سندھی
(B) کشمیری
(C) بنگالی
(D) پنجابی

46۔انیس و دبیر نے مرثیہ بیشتر شاعری کی کس ہیئت میں لکھے ہیں؟

(A) مربع
(B) مخمس
(C) مسدس
(D) مثمن

47۔کس شاعر نے پہلے پہل اردو میں مزاحیہ شاعری کو فروغ دیا تھا؟

(A) اکبرالہ آبادی
(B) میراجی
(C) فانی بدایونی
(D) چکبست

48۔فیض کے پہلے اور آخری شعری مجموعے کی نشاندہی کیجئے۔

(A) دست صبا اور شام شہر یاراں
(B) نقش فریادی اور غبار ایام
(C) نقش فریادی اور سر وادی سینا
(D) دست صبا اور غبار ایام

49۔ان دو شاعروں کے زمرے کی نشاندہی کیجئے جو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔

(A) فیض اور مجاز
(B) اقبال اور سردار جعفری
(C) فیض اور محمد حسین آزاد
(D) اقبال اور فیض

50۔نظم 'تصویر درد' اقبال کے کس مجموعہ میں شامل ہے؟

(A) بال جبرئیل
(B) بانگ درا
(C) ارمغان حجاز
(D) ضرب کلیم

51۔'ہے ۔۔۔۔ کے وجود پہ ہندوستاں کو ناز'
اقبالؔ کے اس مصرع کو صحیح نام لگا کر مکمل کیجئے۔

(A) میر (B) ذوق
(C) داغ (D) رام

52۔ان میں سے کونسا مجموعہ کلام فراقؔ کا نہیں ہے۔

(A) لالہ طور (B) روپ
(C) مشعل (D) روح کائنات

53۔اقبالؔ کے روحانی مرشد کون تھے؟

(A) مولانا روم (B) حافظ شیرازی
(C) داغ دہلوی (D) شیخ سعدی

54۔کس شاعر نے اپنی نظموں میں محنت کش طبقے کی ترجمانی کی ہے؟

(A) چکبست (B) اسماعیل میرٹھی
(C) مخدوم (D) جاں نثار اختر

55۔شاد عظیم آبادی کا اصل نام کیا ہے؟

(A) سید علی محمد (B) سید تقی محمد
(C) سید فضل محمد (D) سید نور محمد

56۔حسرتؔ یہ وہ غزل ہے جسے سن کے سب کہیں

۔۔۔۔۔ سے اپنے رنگ کو تو نے ملا دیا

خالی جگہ میں اس شاعر کا نام پر کیجئے جس سے حسرتؔ نے اپنے رنگ کو ملایا ہے۔

(A) غالب (B) ناسخ

(C) حالی (D) مومن

57۔ن م راشد کی وفات کب اور کہاں ہوئی ؟

(A) 1970 دہلی (B) 1972 پنجاب

(C) 1975 لندن (D) 1978 لاہور

58۔ثناءاللہ ڈار کس شاعر کا اصل نام ہے؟

(A) کیفی اعظمی (B) صفی لکھنوی

(C) ساحرلدھیانوی (D) میراجی

59۔للولال جی کی تصنیف 'سنگھاسن بتیسی' میں کس راجا کی داستان بیان کی گئی ہے؟

(A) راجا چندر گپت موریہ (B) راجا بکر ماجیت

(C) راجا رنجیت سنگھ (D) راجا پرتوی راج چوہان

60۔میراجی کو باغی شاعر کیوں کہا جاتا ہے؟

(A) کیوں کہ انھوں نے اپنے وطن سے بغاوت کی تھی (B) کیوں کہ انھوں نے اردو نظم کی روایت سے بغاوت کی تھی

(C) کیوں کہ انھوں نے اپنے آپ سے بغاوت کی تھی (D) کیوں کہ انھوں نے حکومت وقت سے بغاوت کی تھی

61۔ ’سہ آتشہ‘، ’گیت ہی گیت‘ اور ’مشرق ومغرب کے نغمے‘ کس شاعر کے شعری مجموعے ہیں؟

(A) ساحرلدھیانوی (B) جاں نثار اختر

(C) سردار جعفری (D) میراجی

62۔ ’جو احسان ولیؔ نے اردو شاعری پر کیا تھا وہی احسان ڈاکٹر جان گل کرسٹ نے اردو نثر پر کیا ہے‘۔
یہ قول کس دانشور کا ہے؟

(A) مولوی عبدالحق (B) آل احمد سرور

(C) میر امن (D) رشید احمد صدیقی

63۔ کس انگریز حکمراں نے فورٹ ولیم کالج کی داغ بیل ڈالی تھی؟

(A) لارڈ رپن (B) لارڈ وارن ہیسٹنگز

(C) لارڈ ویلزلی (D) رابرٹ کلائیو

64۔ اقبال نے فلسفہ کی اعلی تعلیم کس انگریز پروفیسر سے حاصل کی تھی؟

(A) پروفیسر ڈیوڈ براؤن (B) پروفیسر فرگوسن

(C) پروفیسر اسپرنگر (D) پرفیسر آرنلڈ

65۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) آرائش محفل۔ حیدر بخش حیدری (B) سنگھاسن بتیسی۔ مرزعلی لطف

(C) باغ و بہار۔ میر شیر علی افسوس (D) تذکرہ گلشن ہند۔ میر بہادر علی حسینی

66۔ان میں سے کون فورٹ ولیم کالج کے مصنفین میں شامل نہیں تھے؟

(A) للولال جی
(B) حیدر بخش حیدری
(C) رجب علی بیگ سرور
(D) میر شیر علی افسوس

67۔میر امن نے کس کی ہدایت پر 'باغ و بہار' لکھی تھی؟

(A) میر عطا حسین تحسین
(B) ڈاکٹر جان گلکرسٹ
(C) لارڈ ولیزلی
(D) میر شیر علی افسوس

68۔'طوطا کہانی' کس کی تصنیف ہے؟

(A) رجب علی بیگ سرور
(B) فضل علی فضلی
(C) میر امن
(D) حیدر بخش حیدری

69۔مرحوم دہلی کالج کا قیام کب عمل میں آیا تھا؟

(A) 1825
(B) 1827
(C) 1830
(D) 1837

70۔مولانا امام بخش صہبائی اور ماسٹر رام چندر کس کالج سے وابستہ تھے؟

(A) فورٹ ولیم کالج
(B) دہلی کالج
(C) عثمانیہ کالج
(D) سرسید کالج

71۔اردو میں پہلی بار نیچرل شاعری کی بنیاد کن شعرا نے رکھی؟

(A) نظیر اکبر آبادی اور مولانا شبلی
(B) غالب اور مومن
(C) مولانا محمد حسین آزاد اور حالی
(D) ن۔م راشد اور میراجی

72۔'برکھارت' کس کی لکھی ہوئی نظم ہے؟

(A) مولانا حالی
(B) مولانا آزاد
(C) مولانا شبلی
(D) چکبست

73۔'انجمن پنجاب' کی داغ بیل کب اور کس نے ڈالی تھی؟

(A) 1860 سرسید
(B) 1865 ڈاکٹر لائیٹر
(C) 1867 لارڈ میکالے
(D) 1869 مولانا حالی

74۔ قتل انساں ہمیشہ سے ہے عادت تیری
سینکڑوں چڑھ گئے سولی پہ بدولت تیری
یہ شعر حالی کی کس نظم سے ماخوذ ہے؟

(A) حب وطن
(B) برکھارت
(C) نشاط امید
(D) مناظر رحم وانصاف

75۔ذیل میں ایک دعویٰ اور دلیل دی گئی ہے ان کو غور سے پڑھیئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

دعویٰ : سرسید کے رفقاء میں محسن الملک خود کو سرسید کا دست و باز و مانتے تھے۔

دلیل : کیونکہ وہ سرسید تحریک کے زبردست حامی اور پر جوش مبلغ تھے۔

(A) دعویٰ صحیح ہے مگر دلیل غلط
(B) دعویٰ بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح
(C) دعویٰ بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط
(D) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے

76۔کتاب 'سرسید اور ان کے نامور رفقاءٔ' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) ڈاکٹر یوسف سرمست
(B) ڈاکٹر سید عبداللہ
(C) ڈاکٹر طارق سعید
(D) ڈاکٹر مسعود حسین خان

77۔شبلی کی کونسی کتاب سوانح نگاری کے زمرے میں نہیں آتی ؟

(A) المامون
(B) الفارق
(C) شعرالعجم
(D) سیرت النبیؐ

78۔محسن الملک کا اصل نام کیا ہے؟

(A) سید امجد علی
(B) سید اصغر علی
(C) سید صابر علی
(D) سید مہدی علی

79۔سرسید نے اپنے رفقا میں کس دانشور کو 'لحمک و لحمی' اور 'محب و محبوب' جیسے الفاظ سے یاد کیا ہے؟

(A) مولانا حالی
(B) محسن الملک
(C) مولانا شبلی
(D) محمود حسین آزاد

80۔صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے۔

(A) سرسید۔آب حیات

(B) ڈپٹی نذیر احمد۔فسانہ مبتلا

(C) حالی۔الفاروق

(D) شبلی۔حیات جاوید

81۔مرزا ظاہردار بیگ ڈپٹی نذیر احمد کے کس ناول کا کردار ہے؟

(A) رویائے صادقہ

(B) ابن الوقت

(C) مراۃالعروس

(D) توبتہ النصوح

82۔ورناکلر ٹرانسلیشن سوسائٹی کب قائم ہوئی تھی؟

(A)1839

(B)1840

(C)1842

(D)1844

83۔ان میں سے کس صنف ادب کا آرٹ غزل اور افسانے کے آرٹ سے مشابہت رکھتا ہے؟

(A) داستان

(B) قصیدہ

(C) خاکہ

(D) مقالہ

84۔مولانا محمد حسین آزاد کی کس تصنیف میں بیسیوں چلتی پھرتی اور منہ بولتی تصویریں نظر آتی ہیں؟

(A) آب حیات

(B) سخندان فارس

(C) دربار اکبری

(D) نیرنگ خیال

85۔'مولوی نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی' کس کا لکھا ہوا خاکہ ہے؟

(A) رشید احمد صدیقی
(B) مشتاق احمد یوسفی
(C) خواجہ احمد فاروقی
(D) فرحت اللہ بیگ

86۔مولوی عبدالحق کے خاکوں کے مجموعے کی نشاندہی کیجئے۔

(A) چند ہم عصر
(B) ہم نفسان رفتہ
(C) گنج ہائے گراں مایہ
(D) آب گم

87۔۔۔۔۔۔اس فعل کو کہتے ہیں جس کو پورا کرنے کے لئے فاعل کے علاوہ مفعول کی بھی ضرورت ہو
خانہ پری کیجئے۔

(A) فعل متعدی
(B) فعل لازم
(C) فعل حال
(D) فعل ناقص

88۔اشاعت کے اعتبار سے مشتاق احمد یوسفی کی کتابوں کی صحیح زمانی ترتیب کی نشاندہی کیجئے۔

(A) آب گم۔ چراغ تلے۔خاکم بدہن۔شام شعر یاراں۔زرگزشت
(B) چراغ تلے۔خاکم بدہن۔زرگزشت۔آب گم۔شام شعر یاراں
(C) زرگزشت۔آب گم۔شام شعر یاراں۔ چراغ تلے۔خاکم بدہن
(D) خاکم بدہن۔ چراغ تلے۔آب گم۔زرگزشت۔شام شعر یاراں

89۔ان میں سے کونسا مجموعہ رشید احمد صدیقی کا نہیں ہے؟

(A) طنزیات ومزحکات
(B) ہم نفسان رفتہ
(C) چنگ ورباب
(D) گنج ہائے گراں مایہ

90۔'مرحوم کی یاد میں' کس مزاح نگار کی تخلیق ہے؟

(A) ملا رموزی
(B) فرحت اللہ بیگ
(C) کنہیالال کپور
(D) پطرس بخاری

91۔ '۔۔۔۔ کی بنیادی شرط یہ ہے کہ اس کی کوئی شرط نہیں، کوئی اصول نہیں جو کچھ کہو اس طرح کہو کہ پڑھ کر جی خوش ہو جائے اور پڑھنے والے کے ذہن میں گدگدی سی ہونے لگے۔'
خالی جگہ کو صحیح صنف ادب کا نام لگا کر پر کیجئے۔

(A) ڈراما
(B) انشائیہ
(C) مرثیہ
(D) داستان

92۔کسی فن پارے کو پرکھنے اور اس کے محاسن ومعائب کا پتہ لگانے کو۔۔۔۔۔کہتے ہیں؟

(A) خاکہ
(B) تحقیق
(C) تنقید
(D) مقالہ

93۔شعر کی خوبی کے لئے حالؔی نے کن چیزوں کو ضروری ٹھہرایا ہے؟

(A) سادگی، جوش اور اصلیت
(B) تخیل، وزن اور قافیہ
(C) مضمون، طرز بیان اور جدت
(D) واقعہ، جذبہ اور مبالغہ

94۔ 'وہ ایوان ادب میں اس طرح داخل ہوئے جیسے کوئی مست ہاتھی شیشہ گری کی دکان میں گھس جائے'۔
یہ قول کس تنقید نگار کے لئے کہا گیا ہے؟

(A) حالی
(B) کلیم الدین احمد
(C) شمس الرحمن فاروقی
(D) احتشام حسین

95۔ ان میں سے کلیم الدین احمد کی کتاب کی نشاندہی کیجئے۔

(A) تنقیدی جائزے
(B) تنقید اور عملی تنقید
(C) ذوق ادب اور شعور
(D) اردو شاعری پر ایک نظر

96۔ 'مسرت سے بصیرت تک' کس کی تصنیف ہے؟

(A) آل احمد سرور
(B) عظمت اللہ خان
(C) مجنوں گورکھ پوری
(D) احتشام حسین

97۔ 'اردوئے معلّٰی' اور 'عود ہندی' کیا ہیں؟

(A) افسانوں کے مجموعے
(B) خاکوں کے مجموعے
(C) خطوط کے مجموعے
(D) مضامین کے مجموعے

98۔ 'غبار خاطر' میں لکھے گئے فرضی خطوط ابوالکلام آزاد نے کس دانشور کے نام لکھے تھے؟

(A) مولانا امام بخش صہبائی
(B) حبیب الرحمن خان شیروانی
(C) مولانا وحید الدین سلیم
(D) مولانا محمد حسین آزاد

99۔ان میں سے کونسی کتاب شمس الرحمن فاروقی کی نہیں ہے؟

(A) افسانے کی حمایت میں
(B) شعر شور انگیز
(C) ادب اور زندگی
(D) کئی چاند تھے سر آسماں

100۔مجنوں گورکھپوری کا اصل میدان کیا ہے؟

(A) داستان
(B) تنقید
(C) قصیدہ
(D) ڈرامہ

101۔'فسانہ عجائب' میں شہزادے کا نام کیا ہے؟

(A) جان عالم
(B) بے نظیر
(C) تاج الملوک
(D) آزاد بخت

102۔'رستم وسہراب' کس کا لکھا ہوا ڈراما ہے؟

(A) واجد علی شاہ
(B) آغا حشر کاشمیری
(C) محمد مجیب
(D) حبیب تنویر

103۔ڈراما 'خانہ جنگی' میں سلطنت کو حاصل کرنے کے لئے کن دو شہزادوں کے درمیان کشمکش اور ٹکراؤ ہوتا ہے؟

(A) مرزا جواں بخت اور اکبر
(B) شاہجہاں اور ہمایون
(C) دارا شکوہ اور اورنگ زیب
(D) جہانگیر اور بہادر شاہ ظفر

104۔حبیب تنویر نے ڈراما' آگرہ بازار' میں کس شاعر کی زندگی کو موضوع بنایا ہے؟

(A) غالب
(B) نظیر اکبر آبادی
(C) اقبال
(D) بہادر شاہ ظفر

105۔'روپا اور سونا' کس ناول کے کردار ہیں؟

(A) بازار حسن
(B) میدان عمل
(C) گئودان
(D) نرملا

106۔ پریم چند کا پہلا ناول کونسا ہے؟

(A) ہم خرما و ہم ثواب
(B) پردہ مجاز
(C) جلوہ ایثار
(D) اسرار معابد

107۔'اللہ جس کو عزت دیتا ہے اسے کوئی مٹا نہیں سکتا'

اس جملے میں ضمیر موصولہ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) جس کو
(B) عزت
(C) دیتا ہے
(D) مٹا

108۔ذیل میں دیۓ گئے الفاظ سے صفت عددی پہچانیے

(A) حیدرآبادی کھانا
(B) شریر لڑکا
(C) پانچ کتابیں
(D) سرخ لباس

109۔ان میں سے کونسا جملہ فعل ماضی کی نمائندگی کرتا ہے؟

(A) حامد سو رہا ہے
(B) لڑکیاں سبق یاد کر رہی ہیں
(C) احمد کل دہلی گیا
(D) عادل آج آئے گا

110۔وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو کیا کہلاتا ہے؟

(A) فعل لازم
(B) فعل مجہول
(C) فعل متعدی
(D) فعل معروف

111۔ذیل میں دئے گئے الفاظ سے حروف فجائیہ کی نشاندہی کیجئے۔

(A) اجی۔ارے
(B) تک۔کو
(C) واہ واہ۔سبحان اللہ
(D) اور۔پھر

112۔ان میں سے کونسا لفظ مذکر ہے؟

(A) غزل
(B) وفا
(C) سازش
(D) راز

113۔افسانہ 'گرہن' کے مرکزی کردار کی نشاندہی کیجئے۔

(A) ہولی
(B) سونا
(C) دھنیا
(D) روپا

114۔افسانہ 'کالو بھنگی' کس کی تخلیق ہے؟

(A) پریم چند
(B) کرشن چندر
(C) بیدی
(D) خواجہ احمد عباس

115۔ان میں سے کونسا افسانہ پریم چند کا ہے؟

(A) نیا قانون
(B) ٹوبہ ٹیک سنگھ
(C) نمک کا داروغہ
(D) گرہن

116۔منشی بنسی دھر کس افسانے کا کردار ہے؟

(A) لحاف
(B) نمک کا داروغہ
(C) پت جھڑ کی آواز
(D) کفن

117۔عصمت چغتائی کے فکشن کا موضوع کیا ہے؟

(A) دلت طبقے کی زندگی
(B) کشمیری برہمن گھرانے کی زندگی
(C) اعلیٰ ہندو گھرانے کی زندگی
(D) متوسط مسلمان گھرانے کی زندگی

118۔قرۃ العین حیدر کا پہلا ناول کونسا ہے؟

(A) سفینۂ غم دل
(B) چاندنی بیگم
(C) آگ کا دریا
(D) میرے بھی صنم خانے

119۔جن اسموں سے نر یا مادہ کا پتہ چلے قواعد میں اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) ضمیر (B) جنس

(C) صفت (D) فعل

120۔ 'اک پھول کا مضمون ہوتو سو رنگ سے باندھوں'

یہ مشہور زمانہ مصرعہ کس کا ہے؟

(A) مجاز (B) فیض

(C) حسرت موہانی (D) میرانیس

------------------------- xxxxxxxxxxxxxxx-------------------------